Tanveer / Shabbir

13-05-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------------

☆ تمل ناڈو میں، سی-جوزف-وجے کی قیادت والی، نومنتخبہ TVK سرکار، آج اسمبلی میں اپنی اکثریت ثابت کرے گی۔

☆ آل انڈیا این-آر-کانگریس کے رہنما این-رنگاسامی آج پڈوچیری کے وزیراعلیٰ کا حلف لیں گے۔

☆ اترپردیش، مدھیہ پردیش اور دِلی سرکاروں نے، وزیراعظم نریندر مودی کی طرف سے کی گئی کفایت شعاری کی اپیل کے بعد، ایندھن کی کھپت سے متعلق اقدامات پر عملدرآمد شروع کردیا ہے۔

☆ مرکز نے سونے اور دیگر قیمتی دھاتوں پر، درآمداتی ڈیوٹی میں اضافہ کردیا ہے۔

☆ IMD نے اِس سال مانسون، جلد شروع ہوجانے کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور ...... IPL میں احمد آباد میں، گجرات ٹائٹنس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 82 رن سے شکست دی۔

-----------------------------------------------------------------

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev TN Floor Test

تمل ناڈو میں آج TVK حکومت، اسمبلی میں اپنی اکثریت ثابت کرے گی۔ وزیراعلیٰ سی-جوزف وجے، اِس آزمائش سے پہلے، حمایت حاصل کرنے کی غرض سے، اپنی حامی پارٹیوں کے رہنماؤں کے ساتھ میٹنگس کرتے رہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C: Joy

*تمل ناڈو میں حکومت تشکیل دینے کیلئے کانگریس، VCK، CPI، CPIM اور IUML جیسی اتحادی پارٹیوں کے ساتھ TVK کے پاس 120 ارکان کی اکثریت ہے۔ سرکار کی حلف برداری کے بعد اب TVK کو AIA-DMK کے اُن 30 ارکانِ اسمبلی کی حمایت حاصل ہے، جو اِس پارٹی سے الگ ہوئے ہیں۔ TVK کو امّا مکّل مونترا کژگم کے ایک MLA ایس-کامراج کی بھی حمایت حاصل ہے۔ اب اسمبلی میں TVK کے پاس کُل 151 ارکان ہیں۔ جنرل سکریٹری ای-پلانی سامی کی قیادت والی AIA-DMK یہ کہہ چکی ہے کہ جو لوگ وہپ کے ضابطوں پر عمل نہیں کریں گے، انہیں پارٹی سے نکال دیا جائے گا۔ اِس پارٹی کی بنیاد M.G.R نے رکھی تھی اور اِسے فی الحال ایک بڑے سیاسی بحران کا سامنا ہے۔*

*چنئی سے Joy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبرنامے کیلئے میں.................*

## Swearing Ceremony Puducherry

آل انڈیا این-آر-کانگریس کے رہنما این-رنگاسامی آج پڈوچیری کے وزیراعلیٰ کا حلف لیں گے۔ ایک سادہ سی تقریب میں، جو لوک نواس میں منعقد کی جائے گی، پڈوچیری کے لیفٹیننٹ گورنر کے-کیلاش ناتھ، جناب رنگا سامی کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C: Bibin**

*پڈوچیری میں حلف برداری کی تقریب منعقد کی جائے گی۔ این-رنگاسامی وزیر اعلیٰ کے عہدے کی ایک بار پھر ذمے داری سنبھالنے کو تیار ہیں۔ 76 سالہ سیاسی قدآور شخصیت کی، وزیراعلیٰ کے طور پر یہ پانچویں مدت ہوگی۔ اِس تقریب میں وزیراعلیٰ کے ساتھ ساتھ کچھ وزیروں کو بھی حلف دلایا جائے گا۔ مرکزی وزیر اور BJP کے چناؤ انچارج منسکھ مانڈویا، BJP کے قومی صدر نتن نبین، BJP پڈوچیری کے انچارج نرمل کمار سُرانہ اور ریاستی BJP کے صدر وی-پی-رامالنگم اُن ممتاز رہنماؤں میں شامل ہیں، جن کی اِس تقریب میں شرکت کی امید کی جاتی ہے۔ جناب نوین گل شام پڈوچیری پہنچے تھے۔ اُنہوں نے پارٹی عہدیداروں اور پارٹی ہیڈکوارٹر میں قانون ساز ارکان سے بات چیت کی۔*

*پڈوچیری سے ٹی ایس ناتھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں..................*

## WB Police Law and Order

مغربی بنگال میں حکومت کی تبدیلی کے بعد ریاستی پولیس نے نظم و ضبط اور سیاسی تشدد کے ماضی کے معاملات کے بارے میں فوری طور پر ایک موقف اختیار کیا ہے۔ اِس سلسلے میں نظم و ضبط کے ADG نے کُل سبھی پولیس کمشنروں، پولیس سپرنٹنڈنٹس اور ریلوے حکام کو ایک تفصیلی ہدایت جاری کی ہے، جس میں بہت سے فوری اقدامات کے بارے میں کہا گیا ہے۔ اِس ہدایت نامے میں 2021 کے اسمبلی انتخابات کے بعد، تشدد سے متعلق سبھی کیسوں کا نئے سرے سے جائزہ لینے کا حکم دیا گیا ہے، جن میں وہ کیس بھی شامل ہیں، جن میں قطعی رپورٹس بھی داخل کردی گئی ہے۔

اِس ہدایت نامے میں، سرحد کے بارے میں میٹنگس اور خفیہ معلومات ایک دوسرے کو فراہم کرکے، سرحد پار سے کی جانے والی اسمگلنگ اور جرائم کے خلاف کارروائی پر زور دیا گیا ہے۔×

## CMs Austerity Measures

مغربی ایشیا کے بحران کے دوران، وزیراعظم نریندر مودی کی کفایت کی اپیل کے بعد، اترپردیش، مدھیہ پردیش اور دِلی کے وزرائے اعلیٰ نے وزیروں، ارکانِ اسمبلی اور عوامی نمائندوں کی سرکاری گاڑیوں کے استعمال کو کم کرنے کے اقدام کا اعلان کیا ہے۔

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے وزیراعلیٰ، وزیروں اور دیگر افسران کے گاڑیوں کے قافلے میں پچاس فیصد کٹوتی کرنے کا حکم جاری کیا ہے اور ہدایت دی ہے کہ سرکاری قافلوں سے غیرضروری گاڑیوں کو ہٹایا جائے۔

ریاستی سرکار نےPNG، میٹروخدمات اور سرکاری ٹرانسپورٹ کے، زیادہ استعمال پر زور دیا ہے اور میٹنگیں ورچوئل وسیلے سے منعقد کرنے، نیز ''ہفتے میں ایک بار کوئی گاڑی نہیں چلے گی'' کا اصول اپنانے کی حوصلہ افزائی کی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC: Sushil**

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ کم ایندھن استعمال کریں اور سونے کی غیر ضروری خریداری سے گریز کریں۔ چیف سکریٹری، ڈی جی پی اور مختلف محکموں کے تمام ایڈیشنل چیف سکریٹریوں اور پرنسپل سکریٹریوں کے ساتھ میٹنگ کے دوران یوگی آدتیہ ناتھ نے ہدایت دی کہ وزیراعلیٰ، وزراء اور دیگر کے قافلوں میں فوری طور پر 50 فیصد کی کمی کی جائے۔ انھوں نے ہدایت دی کہ غیر ضروری گاڑیوں کو سرکاری قافلوں سے ہٹایا جائے۔ وزیراعلیٰ نے ریاست میں گھر سے کام کرنے کے کلچر کو ترجیح دینے کی اپیل کی۔ انھوں نے پی این جی، میٹرو سروس، پبلک ٹرانسپورٹ اور اترپردیش اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے ذریعہ چلائی جا رہی بسوں کے استعمال پر خاص طور سے زور دیا۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزراء، ایم پی، ایم ایل ایز اور سرکاری نمائندوں کو ہفتہ میں کم سے کم ایک دن پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنا چاہیے۔ ہر ہفتے ایک بار 'No Vehicle Day' بھی منانا چاہیے۔

لکھنؤ سے سشیل چند تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ................

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے مزید احکامات جاری ہونے تک اپنے قافلے میں گاڑیوں کی تعداد کم کردی ہے۔ پیر کو ایک کابینہ میٹنگ میں جناب یادو نے، وزیروں کی کونسل کے ارکان سے اپیل کی ہے کہ وہ قومی مفاد کے تحت پٹرول اور ڈیزل کی کھپت میں کمی لائیں۔ اُنہوں نے سرکاری ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ ایک افسر نے بتایا کہ اُن کے دورے میں، جو ریلیاں منعقد کی جائیں گی، اُن میں گاڑیوں کا استعمال نہیں کیا جائے گا۔

دِلی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے بھی وزیروں، ارکان اسمبلی، افسران اور سرکاری محکموں سے کہا ہے کہ وہ سرکاری گاڑیوں کا استعمال محدود کردیں، کارپولنگ یعنی گاڑیوں کو مشترکہ طور پر استعمال کریں اور میٹرو اور بس خدمات کو ترجیح دیں۔x

**Govt Import Duty Gold**

حکومت نے سونے اور دیگر قیمتی دھاتوں پر درآمدی ڈیوٹی میں اضافہ کیا ہے جو آج سے نافذ العمل ہوگی۔ ایک بیان میں وزارت خزانہ نے کہا کہ سونے اور چاندی کے زیورات کے حصوں پر پانچ فیصد ڈیوٹی اور پلاٹینم کے حصوں پر 5 اعشاریہ چار فیصد ڈیوٹی لگے گی۔

مزید برآں قیمتوں دھاتوں کے استعمال شدہ Catalyst کی شرح چار اعشاریہ تین پانچ فیصد مقرر کی گئی ہے، جوکہ تعمیل کے معیارات کو پورا کرنے سے مشروط ہے۔

اس سے پہلے وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا میں جاری بحران کے مدنظر لوگوں سے سونا نہ خریدنے کی اپیل کی تھی۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**NEET CBI**

تحقیقات کے مرکزی بیورو CBI نے مبینہ NEET پیپر لیک کے معاملے میں شُبھم کھیرنار کو حراست میں لے لیا ہے۔ شُبھم کو، راجستھان پولیس کی درخواست پر ناسک پولیس کے کرائم برانچ یونٹ نے، کل مہاراشٹر کے شہر ناسک سے گرفتار کیا تھا۔

میڈیکل کالجوں میں انڈر گریجویٹ کورسیز میں داخلے کیلئے NEET-UG 2026 امتحان، اِس مہینے کی تین تاریخ کو کرایا گیا تھا، جسے کل پیپر لیک کے الزامات کے تحت منسوخ کردیا گیا۔ حکومت نے CBI سے کہا ہے کہ وہ بدعنوانی کے خلاف مکمل انکوائری کرے۔

ایک اور متعلقہ واقعے میں NEET-UG-2026 کے ایک امیدوار کے والدین نے Latur کے SP آفس میں ایک درخواست داخل کی ہے، جس میں الزام لگایا گیا ہے کہ ایک پرائیویٹ کوچنگ ادارے نے، امتحان سے پہلے ایک Mock ٹیسٹ لیا تھا، جس میں مبینہ طور پر 42 سوالات، اُن سوالات سے یکسانیت رکھتے تھے، جو اصل NEET پیپر میں پوچھے گئے تھے۔

SP امول تانبے نے سب ڈویژنل پولیس افسر کو ہدایت دی ہے کہ وہ فوری طور پر انکوائری شروع کریں اور قصورواروں کے خلاف قانونی قدم اٹھائیں۔

اِس سے پہلے راجستھان پولیس کے خصوصی آپریشنز گروپ نے، مشتبہ نیٹ ورک اور پیسے کے لین دین کی تفتیش کے دوران، 15 لوگوں کو حراست میں لیا تھا۔ اِس گروپ نے کل ایک مبینہ سرغنہ منیش کو جے پور سے گرفتار کیا ہے۔×

**Govt GDP Release**

حکومت نے سالانہ مجموعی گھریلو پیداوار GDP کے عارضی تخمینے اور چوتھی سہ ماہی کیلئے GDP کے سہ ماہی تخمینے کے اجراء کی تاریخ دوبارہ مقرر کی ہے۔ پہلے یہ تاریخ مئی کا، کام کاج کا آخری دن ہوتا تھا، لیکن اب اِسے ہر سال جون کی سات تاریخ کردیا گیا ہے۔

اجراء کی تاریخ میں یہ تبدیلی قومی اکاؤنٹس کے اعدادوشمار سے متعلق مشاورتی کمیٹی کے ساتھ صلاح مشورے کے بعد کی گئی ہے۔ وزارت نے کہا کہ اِس تبدیلی کا مقصد اعدادوشمار کی کوالٹی کو مزید مستحکم بنانا ہے۔×

**Parliamentery Team Bhutan**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی بھارتی پارلیمانی وفد آج سے بھوٹان کا دورہ کرے گا۔ اس کا مقصد بھارت-بھوٹان رشتوں کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ اس 51 رکنی وفد میں راجیہ سبھا اور لوک سبھا کے ارکان پارلیمان اور وزارت خارجہ کے اہلکار شامل ہیں۔ توقع ہے کہ یہ وفد بھوٹان-بھارت کے درمیان تعلقات کے مختلف پہلوؤں اور دونوں ہمسایہ ملکوں کے درمیان تعاون بڑھانے کے طریقوں پر تبادلۂ خیال کرے گا۔ مندوبین اس دورے کے دوران بھوٹان کے شاہ اور بھوٹان کے وزیراعظم سے بھی ملاقات کریں گے۔×

**Maha Wall Collapse**

مہاراشٹر کے ضلع سانگلی کی Jat Tehsil میں کل ایک مذہبی تقریب کے دوران دیوار گرنے سے چھ عقیدتمند ہلاک اور تقریباً 15 زخمی ہوگئے۔ تقریب میں 300 سے زیادہ عقیدتمند جمع تھے جب علاقے میں تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہوئی۔

تقریباً 30 عقیدتمند ایک دیوار کے پاس کھڑے ہوگئے اور اسی وقت دیوار گر گئی جس میں چھ لوگوں کی موت ہوگئی۔ زخمیوں کو علاج کیلئے Jat اور سانگلی سول اسپتالوں میں داخل کرایا گیا ہے۔
وزیراعظم نریندر مودی نے دیوار گرنے کے حادثے میں ہونے والی اموات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی تمنا کی۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ زندگیوں کے ضائع ہونے پر انھیں کافی دکھ پہنچا ہے۔ انھوں نے مزید کہاکہ اس غم کی گھڑی میں ان کی ہمدردیاں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ ہیں۔x

## West Asia Updates

صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے ایران کی تازہ ترین امن تجویز کو مسترد کئے جانے کے بعد، امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی میں اور بھی کمزوری پیدا ہوگئی ہے۔ جناب ٹرمپ نے ایران کی طرف سے کی گئی جوابی پیشکش کو کچرا بتایا ہے۔ اِس الزام تراشی کے سبب مغربی ایشیا میں، تنازعے کو پھیلنے سے روکنے کی کوششوں میں غیریقینی پیدا ہوگئی ہے۔
دوسری طرف ایران کے پارلیمنٹ اسپیکر محمد باقر قالیباف نے خبردار کیا ہے کہ ملک کی مسلح فوجیں کسی بھی جارحانہ قدم کا سبق سکھانے والا جواب دینے کو تیار ہیں، کیونکہ ایران نے اپنی تجویز کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک معقول اور کُھلے دل سے کی گئی تجویز ہے۔x

## J&K LOC

جموں و کشمیر میں فوج نے کل پونچھ ضلع میں لائن آف کنٹرول کے قریب دراندازی کی ایک کوشش ناکام کردی۔ کرشنا گھاٹی سیکٹر میں ایک دہشت گرد کو ہلاک کردیا گیا۔
ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ مستعد فوجیوں نے مخصوص اطلاعات ملنے کے بعد شام کے وقت چار بجے کرشنا گھاٹی سیکٹر میں LOC کے قریب تقریبا تین سو میٹر اندر نقل و حرکت دیکھی۔
فوجیوں نے فوراً درانداز کو گھیر لیا اور کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ فوج نے بتایا ہے کہ اِس کارروائی کے دوران ایک دہشت گرد کو ہلاک کردیا گیا ہے۔x

## IMD Early Monsoon

بھارت میں اس ہفتے جنوب مغربی مانسون دستک دے سکتا ہے۔ محکمۂ موسمیات، IMD کے مطابق اس ہفتے کے اختتام تک جنوب مغربی مانسون کے جنوبی خلیج بنگال، انڈمان سمندر اور انڈمان اور نکوبار جزائر کے حصوں میں آگے بڑھنے کا امکان ہے۔
محکمۂ موسمیات کے مطابق جنوب مغربی خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ کل اسی علاقے میں برقرار ہے۔ اس کے ساتھ ہی ہوا کا گردابی نظام سطح سمندر سے چار اعشاریہ پانچ کلومیٹر کی بلندی تک پھیلا ہوا ہے۔ IMD کے مطابق عام طور پر جنوب مغربی مانسون کیرالہ میں ہر سال یکم جون کے آس پاس پہنچتا ہے۔x

## Rajasthan Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے راجستھان میں شدید گرمی اور لُو کے پیش نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست کے

سرحدی اضلاع میں اِس وقت سخت گرمی ہے۔ کئی مقامات پر درجۂ حرارت 45 سے 47 ڈگری کے درمیان ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔

کل باڑمیر ریاست کا سب سے گرم مقام رہا، جہاں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 48 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ Phalodi میں درجۂ حرارت 46 اعشاریہ 4 ڈگری ریکارڈ کیا گیا جبکہ جیسلمیر، بیکانیر اور چتوڑ گڑھ میں بھی درجۂ حرارت 45 ڈگری سیلسیس سے زیادہ رہا اور دیگر مقامات پر درجۂ حرارت 44 ڈگری سیلسیس سے زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔x

**Brics Bilaterals**

بھارت کل سے، برکس ملکوں کے وزرائے خارجہ کی ایک دو روزہ میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔ اِس کی صدارت وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کریں گے۔ برکس کے وزرائے خارجہ اور رکن اور شراکت دار ملکوں کے وفد کے سربراہان اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ وہ وزیراعظم نریندر مودی سے بھی ملاقات کریں گے۔

میٹنگ کے دوران برکس رکن ملکوں کے وزرائے خارجہ باہمی مفاد کے عالمی اور علاقائی معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

میٹنگ سے پہلے ڈاکٹر جے شنکر نئی دِلی میں بہت سی دوطرفہ میٹنگس کریں گے۔x

**Axiian Boxing**

17 سال سے کم عمر کی ایشین باکسنگ چمپئن شپ میں ازبیکستان کی راجدھانی تاشقند میں کھیلے جا رہے مقابلے میں بھارت کی طرف سے Lakshay Phogat واحد مکے باز ہیں، جنھوں نے فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ انھوں نے 75 کلوگرام زمرے کے سیمی فائنل میں کوریا کے Seungmin Lee کو پانچ۔صفر سے شکست دی، جبکہ بھارت کے چار دیگر مکے بازوں کو کانسے کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔

دوسری جانب بھارتی خواتین نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور آٹھ مکے بازوں نے فائنل میں جگہ بنائی، جبکہ چار دیگر نے کانسے کے تمغے حاصل کیے۔ اب خواتین کی ٹیم فائنل میں اپنی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔x

**IPL**

IPL کرکٹ میں کل رات احمد آباد میں کھیلے گئے مقابلے میں گجرات ٹائٹنس نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سن رائزرس حیدرآباد کو 82 رن سے شکست دی۔

مجموعی کارکردگی کے ساتھ گجرات ٹائٹنس پوائنٹس ٹیبل میں پہلے مقام پر ہے۔ 169 رن کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے کھیل رہی سن رائزرس حیدرآباد کی ٹیم 14 اوووَرس پانچ گیندوں میں صرف 86 رن ہی بنا سکی اور پوری ٹیم آل آؤٹ ہوگئی۔

گجرات ٹائٹنس کی جانب سے Kagiso Rabada اور Jason Holder نے تین۔تین وکٹ حاصل کیے۔

Kagiso Rabada کو پلیئرَ آف دی میچ قرار دیا گیا۔

آج رائے پور میں رایل چیلنجرس بینگلورو کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائےگا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد
شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات نے آج الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار انقلاب نے وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے کہ مغربی بنگال کے عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح، ریاست کے عوام کو آیوشان بھارت صحت بیمہ اسکیم کے فوائد حاصل ہوں گے۔ اخبار پرتاپ نے بھی اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے صدر جمہوریہ نے 15 نرسنگ اسٹاف کو نیشنل فلورنس نائٹنگل ایوارڈ سے نوازا۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس نے ہیمنت بسوا سرما کے مسلسل دوسری بار آسام کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لینے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار انقلاب نے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ آپریشن سندور کے دوران چین نے پاکستان کی مدد کی۔

ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے چھتیس گڑھ میں نکسلیوں سے اسلحہ، دھماکہ خیز مواد اور ایک کروڑ نقد برآمد، اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے: بھارت-نیپال سرحد پر دراندازی کی کوشش، 4 افراد گرفتار۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- مذاکرات میں ہو رہی ناکامی پر ٹرمپ کا ایران کے خلاف فوجی کارروائی کا منصوبہ زیر غور۔
- دوبارہ حملہ ہوا تو 90 فیصد یورینیم افزودگی شروع ہو سکتی ہے: ایران کا بیان۔
- آبنائے ہرمز ناکہ بندی جون کے وسط تک جاری رہی تو عالمی تیل بازار میں بحران 2027 تک برقرار رہ سکتا ہے: سعودی عرب کی تیل کمپنی آرامکو کا بیان۔
- یہودی آباد کاروں اور حماس کے رہنماؤں پر یوروپی یونین کی پابندی۔

<u>آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر</u>

☆ تمل ناڈو میں، سی-جوزف-وجے کی قیادت والی، نومنتخبہ TVK سرکار، آج اسمبلی میں اپنی اکثریت ثابت کرے گی۔
☆ آل انڈیا این-آر-کانگریس کے رہنما این-رنگاسامی آج پڈوچیری کے وزیراعلیٰ کا حلف لیں گے۔
☆ اترپردیش، مدھیہ پردیش اور دِلی سرکاروں نے، وزیراعظم نریندر مودی کی طرف سے کی گئی کفایت شعاری کی اپیل کے بعد، ایندھن کی کھپت سے متعلق اقدامات پر عملدرآمد شروع کردیا ہے۔
☆ مرکز نے سونے اور دیگر قیمتی دھاتوں پر، درآمداتی ڈیوٹی میں اضافہ کردیا ہے۔
☆ IMD نے اِس سال مانسون، جلد شروع ہوجانے کی پیش گوئی کی ہے۔
☆ اور ...... IPL میں احمد آباد میں، گجرات ٹائٹنس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 82 رن سے شکست دی۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------